## سوال

پیشاب سے استنجاء السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر صرف پیشاب کیا جائے تو کیا استنجاء کرنا لازمی ہے ۔ ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

پیشاب سے استنجاء کرنا ضروری ہے ورنہ پیشاب کے چھینٹے کپڑوں کو لگ جانے کا اندیشہ ہے ۔ اور اگر پیشاب کپڑوں کو لگ گیا تو اس سے کپڑے ناپاک ہو جائیں گے ،اور ناپاک کپڑوں سے نماز ادا نہیں ہوگی ۔ ہاں البتہ اتنا یاد رہے کہ پیشاب کے بعد مختصر استنجا بھی کیا جا سکتا ہے یعنی آپ صرف ذکر کو ہی دھولیں اور باقی جگہ یعنی دبر وغیرہ کو نہ دھوئیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ